www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



رابطہ کے مرکزی سیکرٹریٹ سے 'محدث' کو بھجوائے جانے والے مراسلے کا ترجمہ — حافظ حسن مدنی

خادم حرمین شریفین کے زیر سرپرستی

# 'امت مسلمہ اور گلوبلائزیشن'

## کے موضوع پر رابطة العالم الإسلامي کی چوتھی سالانہ کانفرنس

رابطہ عالم اسلامی کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر عبد اللہ بن صالح العبید نے اِمسال حج کے موقعہ پر مکہ مکرمہ میں رابطہ کی چوتھی سالانہ کانفرنس سے اظہارِ موافقت کرنے پر خادم الحرمین الشریفین شاہ فہد بن عبدالعزیز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ سعودی حکومت صحیح اسلامی عقائد اور اسلامی دعوت کو پھیلانے اور بین الریاستی وبین الاسلامی بنیادوں پر اسلامی مشن کی مالی ومعنوی سرپرستی کرنے جیسے نمایاں کارناموں پر مبارکباد کی مستحق ہے۔ سیکرٹری جنرل نے ولی عہد مملکت سعودی عرب شہزادہ عبداللہ بن عبد العزیز اور نائب وزیر اعظم وزیر دفاع شہزادہ سلطان بن عبدالعزیز کی اس ضمن میں کی جانے والی کاوشوں کو بھی سراہا۔

ڈاکٹر العبید نے "امت مسلمہ اور گلوبلائزیشن" کے موضوع پر ہونے والی رابطہ عالم اسلامی کی اس کانفرنس کے بارے میں بتاتے ہوئے کہا کہ اس کانفرنس میں مختلف اہم موضوعات اور اُمت کو درپیش مسائل پر بحث ومباحثوں کے بعد اسلامی کاز (Cause) کو آگے بڑھانے کی جامع منصوبہ بندی کی جائے گی۔ ان پیش آمدہ مسائل میں اسلامی ممالک میں نفاذ شریعت، دعوت وتبلیغ، اُمت کے موجودہ حالات، دورِ جدید کے فتن مثلاً ذرائع ابلاغ کی گلوبلائزیشن، تعلیم وتربیت پر سامراجی اِجارہ داری، خاتونِ مسلم کے معاملات میں دخل اندازی اور اسلامی معاشرے کی بنیادی ساخت میں تبدیلی جیسے اہم مسائل شامل ہیں۔ علاوہ ازیں اس کانفرنس میں مساجد کی تعمیر ونگہداشت، دنیا بھر میں مسلم اقلیات کی مدد، ان کے حالات میں تبدیلی کی کوششیں، معاشرے کی تعمیر نو، جدید فقہی مسائل پر غور وفکر اور اُمت کو درپیش دیگر مسائل کو بھی موضوع بحث بنایا جائے گا۔

رابطہ عالم اسلامی کے سیکرٹری جنرل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 'رابطہ' کی اس کانفرنس میں دنیا بھر سے مفکرین، علماء، داعی اور ماہرین تعلیم شرکت کر رہے ہیں جو ان عملی وفکری نکات پر غور کریں گے جن کے ذریعے اُمت میں اسلام کی خالص تعلیمات کو پھیلایا جائے، نفاذِ شریعت کا خواب شرمندۂ تعبیر ہو، اس


© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



کی مخالفت کرنے والوں کی بیخ کنی ہو، صرف کتاب وسنت کی روشنی سے منور دعوت وتبلیغ کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ اسلامی حکومتوں کو اسلامی کاز کی طرف توجہ دلانے اور مسلم تنظیموں کو آپس میں رابطہ بڑھانے اور مؤثر طور پر اسلامی مشن کو آگے بڑھانے کے لئے بھی سفارشات تیار کی جائیں۔

اپنے بیان کو ڈاکٹر صالح العبید نے دعا پر ختم کرتے ہوئے کہا کہ رابطہ عالم اسلامی کو اپنے پیش نظر اَہداف کی ایسے وقت میں بھر پور طور پر مکمل کرنے کی شدید ضرورت ہے جبکہ امت ِمسلمہ پر دنیا بھر مصائب ومشکلات میں روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے اور جدید دور کے چیلنجز نے امت کے لئے بے شمار نئے مسائل کو جنم دے دیا ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ خادم ِحرمین شریفین کا سایہ سلامت رکھے، اور ان سے امت ِاسلامیہ کو فیض یاب کرتا رہے، اور سعودی حکومت کو اسلام اور مسلمانوں کی اس سے بڑھ کر خدمت کی توفیق مرحمت فرمائے! آمین

یاد رہے کہ رابطہ عالم اسلامی کی سب سے پہلی اسلامی کانفرنس ذوالحجہ ۱۳۸۱ھ میں منعقد ہوئی۔ دوسری کانفرنس کا انعقاد ۱۳۸۴ھ میں جبکہ تیسری کانفرنس کا ۱۴۰۸ھ میں انعقاد ہوا۔ ان کانفرنسز میں تیار کی جانے والی سفارشات اور قراردادوں کی روشنی میں اسلام اور مسلمانوں کی مصلحت کے لئے 'رابطہ' کی مختلف کمیٹیاں اور ذیلی تنظیمیں سرگرم رہیں۔

33% کمیشن پر ماہنامہ **محدث کی ایجنسی** …

…… نئی ایجنسیوں کے پتہ جات درج ذیل ہیں …… [مزید درخواستیں بھی درکار ہیں!]

**سلام آباد** چوہدری طاہر کٹاریہ: نیو پاک ڈرائی کلینرز، صغیر مارکیٹ، F10/4 اسلام آباد

**یخوپورہ** شبیر احمد توقیر: مکان نمبر۲، رحمن پورہ، ٹیوب ویل نمبر۴، شیخوپورہ شہر

**یرہ غازیخان** محمد اقبال ثاقب: معرفت عبد السلام میڈیکوز قائد اعظم بازار، کوٹ مٹھن، راجن پور

**یدر آباد** حافظ عبدالصمد: نیو محمدی ٹریڈنگ کارپوریشن، نواں آباد گلی، مارکیٹ روڈ، حیدر آباد

**ـھـکـر** پروفیسر سید مبشر علی: G 10 آفیسر کالونی، بھکر پوسٹ کوڈ 30000

**وجرانوالہ** محمد مسعود لون: مکان نمبر ۴۴ بلاک وائی مین سنٹرل روڈ، پیپلز کالونی گوجرانوالہ

**یصل آباد** محمد سرور طارق: طارق اکیڈمی، ڈی گراؤنڈ، سموسہ چوک، پیپلز کالونی فیصل آباد،

**منڈی بہاؤالدین** محمد رفیق بجاڑ غلہ منڈی محلہ حق مسجد اہلحدیث منڈی بہاؤالدین

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ